© rasailojaraid.com

اشکِ غم

مولانا محمد ابراہیم فانی

فخر دین و ملت و قوم و وطن رخصت ہوئے

۱۴۲۰ھ

بیاد مفکر اسلام داعی کبیر حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نور اللہ مرقدہ

صاحب فضل و کمال و علم و فن رخصت ہوئے
نابغائے وقت و محمود زمن رخصت ہوئے

جن کی تحریروں سے ملتا تھا سراغِ زندگی
محسن الملت وہ شیخ بوالحسن رخصت ہوئے

کاروان زندگی کا وہ حدی خواں اب نہیں
فخر دین و ملت و قوم و وطن رخصت ہوئے

بزم نازِ قدسیاں کی زینت و سرخیل آپ
رونق محفل وہ شمع انجمن رخصت ہوئے

جن کی صحبت سے دلوں پر آئی ایمانی بہار
جانب فردوس و جنات عدن رخصت ہوئے

وہ مفسر وہ محدث واقفِ اسرار دین
ناقد تہذیب غیر وہ بت شکن رخصت ہوئے

اک مورخ بے بدل وہ داعی دین مبین
اس زمین پر اک انعام ذوالمنن رخصت ہوئے

جامع شرع و طریقت پیکر صدق و صفا
زہد و تقویٰ کے مجسم روح و تن رخصت ہوئے

فاتحِ عالم بنا اپنی طلاقت کے طفیل
وہ طبیب علت و ناوک فگن رخصت ہوئے

عالم اسلام تھا ان کی ضیاء سے مستنیر
ارض ہندوستان سے وہ دُرِ عدن رخصت ہوئے

اب سنیں گے کس سے ہم اللہ حدیثِ درد دل
وہ خطیب و داعیء شریں سخن رخصت ہوئے

جن کی فرقت پر جہانِ علم و فن نوحہ کناں
یادگار قدسیاں وہ گلبدن رخصت ہوئے

ہشت پہلو گوہر ان کو گر کہیں بے جا نہیں
دُرِّ ناسفتہ وہ لعل اندر یمن رخصت ہوئے

حشر گویا یک بپا شد آہ بر روئے زمین
مصلح و زاہد دریں دورِ فتن رخصت ہوئے

اب تسلی دے گا ہم کو فانیء دلگیر کون؟
"اٹھ گیا ناوک فگن مارے گا دل پر تیر کون؟"

© rasailojaraid.com